QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)
PRESS RELEASE پریس ریلیز
Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt
Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

نمبر: کیسکو پی آر 242

بجلی بند رہنے کی اطلاع

کوئٹہ: 20 اپریل 2026ء۔۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں ترقیاتی منصوبوں اور پبلک سیکٹر ڈیولپمنٹ کے سلسلے میں بجلی کے لائنوں کی شفٹنگ اور کھمبے نصب کئے جارہے ہیں۔اس سلسلے میں 21 اپریل کو (بروز منگل) کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے 11kv نواں کلی، عالم خان، اولڈ سمنگلی، انٹر کنیکٹر اور مالک فیڈرز جبکہ شیخ ماندہ گرڈ اسٹیشن کے 11kv ویسٹرن بائی پاس، جبل نور، دوستین، داریم اور خروٹ آباد فیڈروں سے صبح 10:30 بجے سے دوپہر 2:30 بجے تک بجلی بند رہیگی۔اسکے علاوہ 22 اپریل کو (بروز بدھ) کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے 11kv ملک پلانٹ، جی او آر کالونی جبکہ سریاب گرڈ اسٹیشن کے 11kv جائنٹ روڈ، خیر بخش مری، اولڈ لیاقت بازار فیڈرز سے صبح 10 بجے سے دوپہر 2 بجے تک نیز اُسی روز شیخ ماندہ گرڈ اسٹیشن کے 11kv ائیر پورٹ روڈ، چشمہ، ادیان، تکاتو، عمر، واسا فیڈرز صبح 10:30 بجے سے دوپہر 2:30 بجے تک بجلی بند ہوگی۔دریں اثناء کچلاک سے چمن شاہراہ کی توسیع کے کام کیلئے کھمبوں کی تنصیب اور لائنوں کی شفٹنگ کئے جارہے ہیں جسکے باعث چمن گرڈ اسٹیشن کے 11kv گلدار باغیچہ، ایف سی چمن، نیو آبادی محمود آباد، سوئی کاریز، سٹی بائی پاس فیڈروں سے 21 اپریل تا 30 اپریل (روزانہ) صبح 10 بجے سے شام 6 بجے تک نیز 21 اپریل اور 22 اپریل کو چمن گرڈ اسٹیشن کے 11kv این ایل سی چمن اور مردی کاریز فیڈروں سے صبح 10 بجے تا شام 6 بجے بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔تاہم کیسکو نے بجلی بندش پر زحمت کیلئے متعلقہ صارفین سے پیشگی معذرت اور تعاون کی اپیل کی ہے۔